بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی پر عذاب آیا تھا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی پر عذاب آیا تھا؟

جواب

جی ہاں! جب حضرت لوط علیہ السلام کی قوم پر عذاب آیا تو آپ کے منع کرنے کے باوجود اس نے اپنی قوم کی طرف دیکھا اور کہا: ہائے رے میری قوم! تو اس پر اللہ پاک کے عذاب کا پتھر گرا اور وہ بھی وہیں ہلاک ہو گئی۔

چنانچہ علامہ عبد المصطفی اعظمی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں: "وَاعِلہ:۔ یہ حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی تھی۔ یہ بھی اللہ کے ایک جلیل القدر نبی علیہ السلام کی زوجیت و صحبت سے برسوں سرفراز رہی مگر اس کے سر پر بد نصیبی کا ایسا شیطان سوار تھا کہ سچے دل سے کبھی ایمان نہیں لائی بلکہ عمر بھر منافقہ رہی اور اپنے نفاق کو چھپاتی رہی۔ جب قومِ لوط پر عذاب آیا اور پتھروں کی بارش ہونے لگی، اُس وقت حضرت لوط علیہ السلام اپنے گھر والوں اور مومنین کو ساتھ لے کر بستی سے باہر چلے گئے تھے۔ "واعلہ" بھی آپ کے ساتھ تھی آپ نے فرما دیا تھا کہ کوئی شخص بستی کی طرف نہ دیکھے ورنہ وہ بھی عذاب میں مبتلا ہو جائے گا۔ چنانچہ آپ کے ساتھ والوں میں سے کسی نے بھی بستی کی طرف نہیں دیکھا اور سب عذاب سے محفوظ رہے لیکن واعلہ چونکہ منافق تھی اُس نے حضرت لوط علیہ السلام کے فرمان کو ٹھکرا کر بستی کی طرف دیکھ لیا اور شہر کو الٹ پلٹ ہوتے دیکھ کر چلانے لگی کہ "یَاقَوْمَاہ، "ہائے رے میری قوم، یہ زبان سے نکلتے ہی ناگہاں عذاب کا ایک پتھر اس کو بھی لگا اور یہ بھی ہلاک ہو کر جہنم رسید ہو گئی۔" (عجائب القرآن مع غرائب القرآن، صفحہ 219، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا رضا محمد مدنی

فتویٰ نمبر: Web-2687

تاریخ اجرا: 18جمادی الاخریٰ 1447ھ/10دسمبر 2025ء



Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)


www.fatwaqa.com


daruliftaahlesunnat


DaruliftaAhlesunnat


Dar-ul-ifta AhleSunnat


feedback@daruliftaahlesunnat.net